حصہ اپنی طرف سے لکھ کر اضافہ کیا۔ اور اس کا نام محبوب القلوب رکھا تھا۔ حکیم سید شاہ محمد برہان الدین بقا نظامی نے محبوب القلوب کا فارسی سے اردو ترجمہ حافظ محمد سراج عطاصاحب سے کرایا اور اس کا نام انوار بندگی رکھ کر شایع کیا ہے۔ یہ کتاب مفید اور مطالعہ کے قابل ہے۔ نیکوں کے اقوال سے آدمی نیکی کی طرف مائل ہوتا ہے۔

ترجمہ سلیس اور رواں ہے۔ طباعت بھی بری نہیں ہے، اور قیمت تو یقیناً بہت کم رکھی گئی ہے، مترجم اور ناشر دونوں اس کتاب کی اشاعت پر قابل مبارکباد ہیں۔ امید ہے کہ لوگ اس کے مطالعہ سے مستفید ہوں گے۔

محمد الغزالی

---

**اربعین نووی :**

تالیف ابو زکریا محی‌الدین یحیی بن شرف الدین نووی

ترتیب و ترجمہ : جناب حافظ نذر احمد صاحب، پرنسپل شبلی کالج، لاہور

ناشر : مسلم اکیڈمی - ۱۸/۲۹ محمد نگر - لاہور

قیمت : ایک روپیہ ساٹھ پیسے - صفحات : ۹۶

امام نووی (۶۳۱ھ تا ۶۷۶ھ) اپنے دور کے مشہور عالم اور محدث ہیں۔ آپ کی کتابوں میں احادیث کا ایک چھوٹا سا مجموعہ ''اربعین نووی'' کافی مقبول ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اس مجموعہ کا اردو ترجمہ ہے۔

ترجمہ میں جناب حافظ صاحب نے جو طریقہ اختیار فرمایا ہے اس نے مشمولہ احادیث کے متن اور معانی کو قاری کے لئے آسان بنا دیا ہے۔ حدیث کا نمبر پھر عربی متن، مشکل الفاظ اور ان کے معانی، بامحاورہ ترجمہ اور آخر میں حدیث کا خلاصہ و مفہوم اس کتاب کی بہترین خصوصیات ہیں۔ کتاب کے ابتدائی تیس اوراق میں علم حدیث کی تدوین، حدیث کی اقسام اور اصطلاحات وغیرہ مختصر انداز میں بیان کی گئی ہیں۔